لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم


| | | |
|---|---|---|
| نمبر ۲۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ ماہ شوال ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۵ ماہ جولائی ۱۹۱۸ء | جلد ۳ |


فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | بابت رقوم امانت صیغہ اہنار ... | ۱ و ۲ |
| ۲ | رخصت حامد حسین امین ... | ۲ |
| ۳ | رخصت صاحب اپیل مجسٹریٹ ... | ۳ |
| ۴ | نقشہ بارش | ضمیمہ |


حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۲ ماہ جون ۱۹۱۸ء

رپورٹ منظور ہے - بغرض اجرائے احکام واپس ہو -

[illegible]

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض

نمبر ۱ سابقہ

جناب عالی

صیغہ انہار میں اکثر ایسے رقوم امانت خزانہ میں کہ جنکی بابت فی الحال

ورثا کی کوئی استدعا بہ واپسی نہیں گذری ہے۔ جو سالہا سال سے امانت چلی آتی ہیں۔ بدلنست ترقی خواہ ایسا مناسب ہوگا کہ اولاً ذریعۂ تحصیل دار بحال سرسری جانچ ورثا کرالیجائے۔ اُسکے بعد ورثا شکیداران متوفی کو اور نیز اصل موجودہ شکیداران کو جنکی بابت رقمیں ہیں ایک نوٹس میعادی تین ۳ ماہ دیا جائے۔ اِنمیں سے جو باہر کے باشندے ہوں اُنکا پتہ جو کچھ معلوم ہو اُس پتے سے اُنکو بھی نوٹس میعادی تین ماہ دیا جائے۔ اور تین ۳ ہفتے تک گزٹ میں بھی اعلان شائع کرادیا جائے

اگر میعاد کے اندر وہ اصل یا وارث اپنے کو امانت پانے کا جائز مستحق ثابت کردے تو امانت دلادی جائے۔ ورنہ بعد انقضائے میعاد نوٹس وہ رقم امانت سیاہہ سرکار کردی جائے۔ سیاہہ ہوجانے کے بعد بھی تاریخ سیاہہ سے ایک سال کے اندر اگر کوئی وجہ معقول تخلف میعاد نوٹس و معذوری کے ثابت کردے تو خزانہ سے بحکم اجلاس ہمایوں سیاہہ شدہ رقم بھی واپس ملسکیگی۔ اسکے بعد پھر واپسی نہیں ہوسکیگی۔ اگر اس قاعدے کی منظوری صادر فرمائی جائے تو آئندہ سے اِسی کے مطابق پابندی ہوتی رہے گی۔ فرد امانت بھی ہمرشتہ ہذا ہے۔

عبدالمجید خان
۱۵ جولائی

## ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### رخصت

۷ جولائی سنہ ۱۹۱۸ء

حبیب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار رخصت رعایتی پندرہ ۱۵ یوم حامد حسین امام کی ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۱۸ء سے بذمہ داری نائب علاقہ دار منظور ہوئی۔

## ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

### رخصت

۶ جولائی سنہ ۱۹۱۸ء

سید سجاد علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجۂ دوم کی رخصت دس یوم ۶ جولائی سے ۱۵ جولائی تک منظور کی گئی۔ آپکے کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کرینگے۔

مطبع ریاست میں چھپکر شائع ہوا

## نقشہ بارش ریاست رامپور ابتدائے ۶ جولائی لغایت ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۸ء

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد خط | افرون | تعداد خط | افرون | تعداد خط | افرون | تعداد خط | افرون | تعداد خط | افرون | تعداد خط | افرون |
| ۶ جولائی سنہ ۱۹۱۸ء یوم شنبہ | ۱۲۵ | ۴۲۲۵ | ۳ | ۷۸ | ۰ | ۳۱ | ۰ | ۴۲ | ۰ | ۶۸ | ۷ | ۴۰ |
| ۷ " " " یکشنبہ | ۱۰۲۵ | ۵۴ | ۲۷ | ۹۵ | ۱۰ | ۴۱ | ۰ | ۴۲ | ۰ | ۶۸ | ۸ | ۴۸ |
| ۸ " " " دوشنبہ | ۲۰۸ | ۹۲ | ۱۷ | ۱۱۳ | ۷ | ۴۸ | ۱۵ | ۵۷ | ۱۷ | ۸۵ | ۲۲ | ۶۰ |
| ۹ " " " سہ شنبہ | ۱۲ | ۱۰۴ | ۵ | ۱۱۷ | ۲۱ | ۶۹ | ۴ | ۹۷ | ۲۸ | ۱۱۳ | ۰ | ۷۰ |
| ۱۰ " " " چہارشنبہ | ۶ | ۱۱۰ | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۵ | ۷۴ | ۵ | ۱۰۳ | ۰ | ۱۱۳ | ۰ | نقشہ نہیں آیا |
| ۱۱ " " " پنجشنبہ | ۰ | ۱۱۰ | ۰ | " | ۶ | ۸۰ | ۰ | ۱۰۳ | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | " |
| ۱۲ " " " جمعہ | ۰ | ۱۱۰ | ۰ | " | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | " | ۰ | " |

## نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے لغایت سنہ ۱۹۱۸ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | نقشہ کسی تحصیل سے نہیں آیا |